بفضل خلاق زمین و زمان و فیض رزاق انس و جان

کتاب بے مانند سحر سامری رنگا رنگ خیالات سے بھری کہیں بلبل و گل کا افسانہ کہیں سوز و گداز شمع و پروانہ موسوم بہ

[illegible] خیال

معروف بہ

چمنستان خیالات گوہر

نتیجہ جودت طبع سخنور رعنا طرۂ دستار سخنوری منشی گیندن لال صاحب بدایونی متخلص بہ گوہر

مطبع نامی منشی نولکشور واقع کانپور میں بہ طبع ہوئی

فہرست چمنستان خیالات گوہر

فہرست کتاب

نمبر عام	نمبر خاص	قسم خیال	نام بحر	وزن بحر	مصرعہ اول	نمبر صفحہ
۱	۱	ابجد پھولونکی	[illegible]	نمبر ابحر فعول فعلن فعول فعلن فعول فعلن فعول فعلن	بہار ختم کا آیا چہک اُٹھا دل شاد بلبل	۳۰
۲	۲	ابجد ستارونکی			بلکہ کہیں ماہ و افلاک سے پرہیں الفاظ خط سارے	
۳	۳	ابجد مٹھائی			لکھا شکر رب نے ہمکو نامہ بہار اعظم ہوا یا ل	۳۳
۴	۴	تیوہار بسنت			چمن میں آئی بہار تازہ گلوں کا رنگ ہے اسوایا	۳۴
۵	۵	بہار برسات			چمن میں ہیں دو سرد جلتی فلک پہ چھائی ہیں لکالی	۳۶
۶	۶	ملازمہ گنجفہ			تمہیں ہر ذرہ نور ازلی لازم کہ چہرہ ہے آفتاب انور	۳۷
۷	۷	ملازمہ شطرنج			بچھاتے شطرنج شوق کی ہیں نہ پوچھو ہم سے کہ حال کیا ہے	۳۸
۸	۸	ہردو طرف ہیم			مزار پر بعد مرگ اپنے یہ ایک مصرع کھدائینگے ہم	[illegible]
۹	۹	ابجد سی حرفی			اب اپنی لو اور ہی کسی سے جہان کے اندر لگائینگے ہم	[illegible]
۱۰	۱۰	تعریف زلف			نہیں ہے کچھ کھیل عشق کا کل کھلائے پڑتا ہے ناگ کالا	[illegible]
۱۱	۱۱	ملازمہ کشتی			ہوئے ہیں ہزاروں کی گردنیں خم عجب محبت کا ہے اکھاڑا	[illegible]

فہرست چمنستان خیالات گوہر

نمبر شمار: نمبر عام	نمبر خاص	قسم خیال	نام بحر	وزن بحر	مصرعۂ اول	نمبر صفحہ
		سراپا صنعت	لاونی والے اس بحر کو لنگڑی تنگت کہتے ہیں اور باعتبار عروض لاونی نام اس بحر کا بدیع مسدس سبیع شکل ہو سکتا ہے مگر بلحاظ علل و زحافات ارکان مقررہ مین کمی بیشی بھی ہو سکتی ہے	نمبر ۲ بحر فاعلات فعلات فعولن فعلن فعلاتن — فعول فعلن فعولن فعل فعل فعلن فعلن — وزن مصرعۂ اول خیالات وزن مصرعۂ دوم خیالات		
۲۵	۱۴	تجنیس و اشتقاق			رقم خوبیان کن دن تم یہ دل کے خزانے سے لاؤن	۵۳
۲۶	۱۵	صفت زلف			دکھاؤ بل زلفون کے مجھے تیرے بال بال پریشان	۵۵
۲۷	۱۶	سراپاے معشوق			تراسراپا دیکھکے پیارے عالم شور و غل مین ہے	۵۶
۲۸	۱۷	سراپاے عاشق			عاشق کا نہین سناسراپا معشوقونکے سنتے ہین عام	۵۹
۲۹	۱۸	چہار صنعت جداگانہ			ہم جائینگے ساتھ تمھارے جہان کہین جاؤگے تم	۶۰
		ہر چہار بند مین				
۳۰	۱۹	لال مینا کا ذکر			لالون کا ہو شوق صنم کو ہوئی بول اور چال پری	۶۱
۳۱	۲۰	صفت زخم سینۂ عاشق کی			تونے کوئی بیچارہ دیکھا ہوگا بلبل زار چمن	۶۳
۳۲	۲۱	قاصد کا ذکر			دیکھا ہے جو حال مین اسے یار کو سمجھا نا قاصد	۶۴
۳۳	۲۲	جنازۂ عاشق			ہے یہ جنازہ اس عاشق کا جسکا تجھپر دم نکلا	۶۵
۳۴	۲۳	صفت زیور مع تجنیس			توزیور پہنے ہے بدن پر ہم بے پر بے زر ٹھہرے	۶۶
۳۵	۲۴	لفظ چنیا چنین کی تکرار			چنی ہوئی ہر ایک بات ہر چنیر بیت گلبدن مین ہے	۶۸
۳۶	۲۵	فراقیہ			پہاڑ کا جنگل کا کاٹنا سہل ہے کچھ دشوار نہین	۶۹
۳۷	۲۶	تجنیس و اشتقاق و صفت رفتار معشوق			بات مین چال اور چال مین سکی چالاکی شوخی و ستم	۷۰
۳۸	۲۷	اشتقاق و تجنیس و تکرار			بات مین بل اور بل مین چھل چھلے ہاتھو مین چھم چھم چھم	۷۲

نمبر شمار		نام صنعت	بحر	وزن	مصرعہ اول	نمبر صفحہ
۳۹	۲۸	اشتقاق وتجنیس و تکرار مع صفت زلف	[illegible]	نمبر ۲ بحر	یارب ان کی زلف کی [illegible] موزوں [illegible]	۷۳
۴۰	۲۹	صنعت اشتقاق		فعلن فعلن فعلن فعلن — وزن فعلن [illegible]	یار رونے کو نہیں [illegible] گوشے در [illegible] یار	۷۴
۴۱	۳۰	ایہام مع صفت چہرہ			لکھی صفت چہرے کی رشک سے کیا ہیں نے گلزار کو زرد	۷۵
۴۲	۳۱	ہولی			آئی ہولی قسمت کھولی ملا صنم غم دور ہوا	۷۶
۴۳	۳۲	عشقیہ			کر کے عاشقی عمر گذاری لکھا ہے سب حال	۷۸
۴۴	۳۳	عشقیہ			گناہ پر آتر آتری تیغ کے [illegible] ملا آپ مجھے	۷۹
۴۵	۳۴	جوابیہ یعنی دوسرے کے خیال پر خیال			غلط کہا ہے جس نے کہا ہو جو ہو پھول وہی خار بھی ہے	۸۱
۴۶	۳۵	ایضاً	[illegible]	فعلن فعلن فعلن فعلن — فعلن فعلن فعلن فعلن — وزن [illegible]	عشق میں راحت کبھی نہیں ہے گر کچھ ہے تو جراحت ہے	۸۲
۴۷	۳۶	پھول کا ذکر			کوڑی کوڑی بکتے پھرتے ابتو سر بازار ہیں پھول	۸۴
۴۸	۳۷	صنعت تاکید الذم بما یشبہ المدح			سوتے وقت کہا ہے ہم نے اکثر تیرے [illegible]	۸۵
۴۹	۳۸	جوابیہ یعنی دوسرے کے خیال پر خیال			نہیں بات تعریف کی کچھ گر چشم سے آنسو تر نکلے	۸۶

نمبر شمار: نمبر عام	نمبر شمار: نمبر خاص	قسم خیال	نام بحر	وزن بحر	مصرعہ اول	نمبر صفحہ
۵۰	۱	عشقیہ	لاؤنی جلے اس قسم کے خیالات سے وزن کو (ہندی نگت یا) گفتری نگت مشہور کرتے ہیں اور باعتبار عروض نام ان اوزان کا (الف) [illegible] یا (قسم [illegible] متقارب [illegible]) یا بحر علل وزحافات اور بھی کرسکتے ہیں جیسے ہیں فعلن فعلن اور ایک بار فعلات یا جیسے پہلا مصرعہ لنگڑی سی رنگت کا —	نمبر ۳ بحر — فعلن فعلن فعلن فعلن فعلن فعول فعلن فعول فعلن فعلاتن — بافعول فعلن فعلن فعلن فاعلان فعلن فعلن فعلن فعلن	پھر ہوا دل مبتلا پھر آئی بلا مصیبت پھر آئی	۸۷
۵۱	۲	دو ٹھیا چھکی محبت کا بیان کہ دو طرف قافیہ			قدر کوئی کیا جانے انکی ہیں دونوں جانی عاشق	۸۹
۵۲	۳	ہر دو طرف ٹے			ٹپک رہے ہیں غم سے آنسو جگر درد سے گیا ہے پھٹ	۹۰
۵۳	۴	تیوہار دیوالی			برس روز کے یہ دیوالی آج پھر آئی شکر کرو	۹۱
۵۴	۵	ہر دو طرف تے یعنی ت کا دو رنگ			تم جو نہ آئے پاس ہمارے نیند نہ آئی ساری رات	۹۳
۵۵	۶	چار در چار اور بیان زیور یار			باغمیں بنگلہ بنگلے میں کرسی کرسی پر بیٹھا تھا صنم	۹۴
۵۶	۷	جواب خط نہار سے بسلسلۂ حروف ابجد			لکھ بہار سے جو اب خط کا آس گل رت نے کیا روانہ	۹۶
۵۷	۸	دعائیہ صنعت سنگھا بلوکن			زمیں پہ جب تک آسمان آسمان پر شمس و قمر	۹۷
۵۸	۹	دعائیہ و صنعت رد العجز علی الصدر			فلک کے نیچے زمین جب تک زمیں کے نیچے جب تک آب	۹۸
۵۹	۱۰	مضامین مختلفہ			کرامات ہے یا کہ بات ہے جادو ہے یا کلام ہے	۹۹
۶۰	۱۱	تعلی			فقط خدا سے ڈرتے ہیں ہم نہیں کسی سے ڈرتے ہیں	۱۰۰

نمبر شمار		مضمون	نام بحر	اوزان بحر	مصرعۂ اول	نمبر صفحہ
۶۱	۱۲	دل کا حال	[illegible]	نمبر ۲ بحر — فعلن فعلن فعلن فعلن فعلن فعلن فعلن فع	جاتے ہو پر کہو کون لایا ناحق بیٹھے بٹھائے دل	۱۰۲
۶۲	۱۳	قسم کا ذکر			پورا وعدہ کیا نہ تمنے کھائیں لاکھ سو گند قسم	۱۰۳
۶۳	۱۴	شراب کی صفت			شراب سے گر انگلی تر ہو آگ کا ہوتا نہیں اثر	۱۰۴
۶۴	۱۵	عاشقانہ			نہیں چاہیے کچھ بھی یار و کفن کا اسباب مجھے	۱۰۵
۶۵	۱۶	معمائے غصہ حقہ				
		وردیہ دل			پھر مذہب میں حرام ہے پر اسکا کھلانا حلال ہے	۱۰۶
۶۶	۱۷	عاشقانہ			میرے زانو کے تکیے پر صنم تمھارا سر لازم	۱۰۸
۶۷	۱۸	تعلّی			بہت اٹھا کر سر آئے تھے نیچا دکھایا ہم نے گرد	۱۰۹
۶۸	۱۹	عشقیہ			عاشق کا دل عشق کے مارے بھلا نہ کیونکر گھبرائے	۱۱۰
۶۹	۲۰	ہر دو طرف تاب			بالکل نہیں جسم نہیں ہے جتنے ہیں جلاد ہیں [illegible]	۱۱۲
۷۰	۲۱	اول الف آخر ب			اگر آپ کرتے ہیں ہمسے دل کو ہمارا آج طلب	۱۱۳
۷۱	۱	۲۲ قافیہ میں اس خیال میں	[illegible]	مستفعلن مستفعلن مستفعلن مستفعلن	دل ہے فگار آنکھ اشکبار نہیں ہے قرار جلوہ اک پل	۱۱۴

نمبر صفحہ	مصرع خیال اول	وزن بحر	نام بحر	قسم خیال	نمبر خاص	نمبر عام
۱۱۹	[illegible]	فعولن فعلاتن فعلن (یا فعلات	لاڈنی والے اس وزن کو دودڑ کہتے ہیں اور بعروض سے نام اسکا لطیف مثلث خفیف ہے اور یہ وزن مصرع اول کا ہے اور اشعار درمیانی کا وزن مطابق دوہا کے ہوتا ہے۔	[illegible]	۲	۴۵
۱۱۸	[illegible]			[illegible]	۱	۴۴
۱۱۶	[illegible]	فاعلن فعولن فعل فعولن فعل فعولن فعل فعولن فعلن	لادنی والے اسکو بارہ ماسہ کی رنگت کہتے ہیں اور باعتبار عروض نام اسکا مستطیل سہ گانہ مردف مخمس خفیف ہے اور مصرع دوم اسکا بحر فصیح مخمس خفیف ہوتا ہے اور چار مصرع درمیانی اسی وزن کے ہوتے ہیں (فعلاتن فعلن فعلن)	[illegible]	۱	۴۳
۱۱۵	[illegible]	مفعول فعولن فعلاتن مفعول فعولن فعلاتن	یہ بھی بڑی اور کھڑی رنگت میں داخل ہے اور باعتبار عروض نام اسکا شکیل ہے۔	[illegible]	۱	۴۲

نمبر شمار: نمبر عام	نمبر شمار: نمبر بحر	نام نظم	نام بحر	وزن بحر	مصرعۂ اول	نمبر صفحہ
				نمبر ۸ بحر		
۷۶	۱	ہولی	[illegible]	[illegible]	نہیں ہولی سے کیا حاصل	۲۰
۷۷	۲	عشقیہ			خدا کے لیے نہ ہو غافل	۲۲
				نمبر ۹ بحر		
۷۸	۱	ہولی کا تیوہار	[illegible]	[illegible]	ہے ہولی کا روز ملو سینے سے میری ان ہیں ہیں جان گلے یا ڈالو جی	۱۲۲
۷۹	۲	آلارم نام پارچہ			ہے آب رواں چشمے سے چشم پر نم سیحا ہیں عشق گلبدن نے مارا جی	۱۲۴
۸۰	۳	استمناے حل طلب			دو حرفوں کا یک نام سا حرفوں کا میں سیحا کہو کیا اس کی صفائی جی	۱۲۵
				نمبر ۱۰ بحر		
۸۱	۱	عشق کا وصف	[illegible]	[illegible]	عشق مشکل ہے میں سیحا عشق مشکل ملتا دل عشق آسان نہیں	۱۲۷
۸۲	۲	حسن کی تعریف			حسن دولت ہے میں سیحا حسن دولت ہے گلشن ہے شہرت دیکھو ہر ایک گھڑی	۱۲۸

نمبر شمار: نمبر عام	نمبر شمار: نمبر خاص	قسم خیال	نام بحر	وزن بحر	مصرعہ اول	نمبر صفحہ
				نمبر ۱۱ بحر		
۸۳	۱	پتنگ کا ضلع	سلیس	مفعول فاعلن فعلن یا فعلات فعولن فعلن	کیون کا سنپے نہ دل بیچارہ	۱۳۰
				نمبر ۱۲ بحر		
۸۴	۱	ترجیح عاشق اور عشق کی توضیح	نفیس	فاعلن فعلن مفعول فاعلاتن فاعلن فعلن فعلن فعلن	ناکھون ہی تین کہین سب نے مجھ سے حاصل ارشد ہی عشق کامل	۱۳۱
		نام لا نسبتی ہم			کلی خاطر کی ہو گل کھلا دے آکر کبھی تو بیان غنچہ ہم بھر	۱۳۲
۸۵	۲	حقہ کا ضلع			باغ عالم مین ہر سکو آج شادی کی ہے ہوئی شہزادی	۱۳۳
۸۶	۳	ہولی کی صنعت				
				نمبر ۱۳ بحر		
۸۷	۱	جدائی	بدیع مقصور	فعل فعولن فعل فعولن فعل مفاعیلن	درد جدائی تیرا ستمگر غضب ستاتا ہے	۱۳۴

نمبر شمار		مضمون	بحر	وزن	مصرعۂ اول	نمبر صفحہ
۸۸	۱	خط بھیجنا	[illegible]	نمبر ۱۴ بحر [illegible]	میرا خط صنم کو پہونچا دے	۱۳۵
۸۹	۲	ان خیال مین سب حروف ایسے ہین جنکے نیچے نقطہ ہر ادو نہین			میرا جی ہجر سے گھبرا دے	۱۳۷
۹۰	۳	ان خیال مین اوپر نقطہ ہے نیچے نہین بصنعت قطا خیفا			ستمگر ستم نہ کر ہر دم	۱۳۸
۹۱	۱	سراپا	[illegible]	نمبر ۱۵ بحر [illegible]	آس گل کا سراپا لکھا گئین بجلیان	۱۴۰
۹۲	۲	عشقیہ			یہ کوسے صنم کا نشان بتلاتے ہین	۱۴۲
۹۳	۳	وصفیہ			رخسار سے تیرے رنگ ہی پھیکا گل کا	۱۴۳
۹۴	۴	وصفیہ			اک نئی دوکان تنبولن نے ہی کھولی	۱۴۵
۹۵	۱	عشقیہ	[illegible]	نمبر ۱۶ بحر [illegible]	جلد خبر لے اے گلفام عشق عاشق ہین ناکام	۱۴۶

نمبر شمار: نمبر عام	نمبر شمار: نمبر خاص	قسم خیال	نام بحر	وزن بحر	مصرعہ اول	نمبر صفحہ
				نمبر ۱۷ بحر		
۹۶	۱	معمائے حل طلب	سریع مخفف	فعل فعولن فعل فعولن فعلن فعلن	غزل ہمارا ستو پیلی کو لو یو لو یو لو یو لو	۱۴۸
۹۷	۲	بے نقط			رہبر و راہ کرم ماہر و ہمدم روح عالم	۱۴۸
۹۸	۳	صفت حسن معشوق			پھلا حسن کا چمن چمن پر جوبن	۱۴۹
				نمبر ۱۸ بحر		
۹۹	۱	ہر سرخ میں دن جگہ جرت نون ہی	طویل مجدد	فعلن فعلن فعلن فاعلان فاعلن فعولن فعلن فاعلن فعلن فعلات فعولن فعلن	نازنین حسین نازنین حسین	۱۵۰
۱۰۰	۲	بولی			پھاگن جھم جھم پھاگن جھم جھم	۱۵۱

تقریظ و تاریخ ریختۂ کلک جواہر سلک شاعر ذی استعداد صاحب طبع وقاد جناب منشی دیبی پرشاد صاحب متخلص بہ سحر دوست مصنف سب ڈپٹی انسپکٹر مدارس ضلع بدایون

کارساز حقیقی کا شکر ہی بیشمار اور احسان ہزار در ہزار کہ اندنون کتاب بے مثال مسمے بہ سفاین
کے سو خیال بعد تصحیح مکرر بنہایت خوبی سے طبع ہوئی اور مقبول طبع عام ہوئی واقعی
بہت نادر کلام ہی لائق پسند خاص اور عام ہی کہین حمد کہین مناجات کہین عشق و حسن کی
حکایات کہین سوز کہین ساز کہین ناز کہین نیاز کہین گل و بلبل کا افسانہ کہین داستان
شمع و پروانہ کہین معرفت و عرفان کہین دنیاوی مطلب کا بیان ہندی شبدین چست مضمون
درست راگ راگنی کا مزہ سہرور افراط صنائع بدائع شاعری دلربا جو پسند ہی دلپسند ہی
شاعری عجیب مضامین غریب کہین تلازم اصطلاحات کہین معانی نکات کیا خوب تقو
لاجواب ہی از رنگ چمن ہی یا کتاب ہی عیوب سے بری ہی لطف سے بھری ہی معنی
مین رنگینی لفظون مین دلبری ہی نسخہ ہی یا پری ہی مرہٹی اور لاونی اکثر دیکھین مگر اب تک
ایسی کمتر دیکھین ہر طرح قابل توصیف و تعریف ہی کیون نہو کس کی تصنیف ہی شاعر با کمال
ناظم بے مثال درۃ التاج شاعری طرۂ اکلیل سخنوری نازک خیال منشی گیندن لال صاحب
گوہر بدایونی جوہر سخن کے نقاد ہین یہ خیالات اُنکے طبعزاد ہین شہرہ اسکا ہر سو ہی
کتاب ہی یا جادو ہی جس طبیعت کو کچھ بھی مذاق سخن یا عشق سے مس ہی اسکو اسکا دیکھنا بس ہی
مصنف کو اس کتاب کی تصنیف سے اپنی جودت طبع کا اظہار ہرگز نہین منظور ہی فرمائشون سے
مجبور ہی آپ نک ہو لاونی بتصانیف دیگر دیکھنے مین آئین یا گانے والون نے سنائین اکثر بے قافیہ
اور ناموزون پائین اور مضمون مین بھی بے ترتیب دکھائین جلیسان بدایون نے اصرار مین
طول کیا تب مصنف نے موزون کرنا قبول کیا ورنہ اس لاونی کی طرف تو خواب و خیال مین بھی

رغبت نہ تھی اس قسم کے کلام سننے کی عادت بھی نہ تھی البتہ انشاپردازی اور شاعری سے
سروکار ہی پانچ چھ کتابین نظم و نثر چھپ چکین اب ایک اور نسخہ تیار ہی مگر انصاف کیا جائے
اور عدل کو ہاتھ سے نہ دیا جائے تو اس کتاب مین بھی جو لکھا ہی سب خوب ہی ہر دل کو عزیز
اور ہر طبع کو مرغوب ہی جو خیال ہی عشق و معرفت سے مالامال ہی صنائع و بدائع شاعری سے
کب خالی ہی کہین تلازم کہین بیان مثالی ہی جس چیز کا بیان کیا سمان باندھ دیا ہی جو کلام ہی
سحر نظام ہی جو بات ہی کرامات ہی خیالات گوہر ہین یا گوہر خیالات کمالات با جوہر ہین یا جوہر
باکمالات اگرچہ اسکا وصف بیان ہو شاہنامے کی داستان ہو بسمت ۱۹۳۴ یعنی ۱۸۷۷ء مطابق
۱۲۹۴ ہجری مین یہ کتاب تصنیف ہوئی اور بکثرت خواستگار اسکے شائقین صنائع و بدائع
ہوے چنانچہ اسی زمانے مین چند خیالات مجملا اور بے ترتیب اور حصہ اول عارفانہ کے مختصر
مضامین مطبع ذخیرہ رفاہ عام سیالکوٹ سے شائع ہوے حصہ دوم عاشقانہ اب تک علحدہ
نہین چھاپا گیا تھا شائقین کا تقاضا تھا لہذا اب اسکی طبع مین جناب منشی نولکشور صاحب نے
اپنی ہمت عالی کو صرف فرمایا تشنگان سخن کی پیاس کو بجھایا اسکی ترتیب کے وقت تک کچھ
قواعد تصنیف اس قسم کی نظم کے مرتب نہ تھے ۱۸۷۹ء مطابق ۱۲۹۶ ہجری مین مشورت
شاگردان مصنف ہذا حضرت ممنت فرخ آبادی نے آٹھ ورق کی کتاب عروض قسم جدید نام
مین چند بحرین اس کتاب کی اور کچھ اپنی طرف سے شامل کر کے چند قاعدے ترتیب دیے کہ نام
بحور اس رسالہ سے اور جو اس رسالہ مین بنائے گئے وہ تجویز مصنف ہذا اس فہرست مین داخل
کیے گئے چونکہ یہ نسخہ پہلے تصنیف ہو چکا ہی لہذا ان قواعد کی پابندی سے مستثنے ہی مصنف ہر طرح
قابل داد و ثنا ہی طرز کلام سے رنگینی طبع پیدا ہی ع قبول خاطر و لطف سخن خدا داد ست
اب مین قطعہ تاریخ پر اختتام کرتا ہون اور دل سے دعا کرتا ہون خدا کرے مقبول ہو

مصنف اور سامعین کی مراد حصول ہو وہ ہو یہ ہذا

خداے پاک کا صد شکر و احسان — چھپا یہ نسخۂ رشک گلستان
لکھو یہ مصرع تاریخ اے سحر — خیال گوہر مرد سخندان

۱۳۰۱ھ

تقریظ و تاریخ تصنیف کتاب مرتبہ جناب والا مناقب منشی نراین داس صاحب پارا سری تخلص شعلہ رئیس بدایون

آج یہ مجھسے قول دل کا ہی — کہ کدھر وہ دھیان تیرا اشغلا ہی
تو تو رکھتا تھا طبع مین گرمی — آج کیا ہو گیا جو ٹھنڈا ہی
گرم بازاری سخن بھی دیکھ — تو نے گو اک زمانہ دیکھا ہی
مین نے مانا کہ بجھ گیا تراجی — سرد و گرم زمانہ دیکھا ہی
مگر اس بات کو بھی خوب سمجھ — نہین اچھون سے خالی دنیا ہی
سب برے ہی نہین ہین اچھے بھی — یہ ہی دنیا کا کارخانا ہی
اور اچھون مین بھی جو غور کرو — ایک پر ایک فوق رکھتا ہی
سیر دنیا سے ہو گیا گر سیر — تو کتابون کی سیر زیبا ہی
پڑھ چکا گر کتابین سب اگلی — انکا پھر پڑھنا عیب گنتا ہی
تو مین بتلاؤن تو یہ نسخہ دیکھ — اسمین جو بات ہی وہ اعلا ہی
دیدنی ہی یہ نسخۂ نایاب — دیکھ اسکو جو آنکھین رکھتا ہی
تجکو ہوگا پسند اور مرغوب — اسمین وہ ہی جو تجکو بھاتا ہی
تجھے ہوگا عزیز وہ سب سے — تیرے پیارے نے وہ بنایا ہی
اپنے دل سے یہ بات جبکہ سنی — مین یہ سمجھا یہ جھوٹھ کہتا ہی

پھر وہ بولا کہ سانچ کو کیا آنچ ۔ ہاتھ کنگن کو آرسی کیا ہی

طاق مین سے کتاب لیکر دیکھ ۔ تا ہو معلوم سچ یہ دعوا ہی

مین نے لیکر پڑھی کتاب یہ جب ۔ جانا تب قول دل کا سچا ہی

وصف لکھتا ہون اس کتاب کا اب ۔ آسمان پر دماغ جاتا ہی

مطلع

واہ کیا دلفریب نسخا ہے ۔ پڑھنے والون کا جی لبھاتا ہی

کیسے کیسے خیال نادر ہین ۔ کیسا کیسا کلام عمدا ہی

گرچہ دیکھے سنے خیال بہت ۔ نہ سنا ہی نہ ایسا دیکھا ہی

ایک مضمون پر نہین موقوف ۔ جو ہی مضمون وہ انوکھا ہی

حمد واحد مین جو خیال لکھا ۔ لفظ لفظ اسکا دُر یکتا ہی

ذکر وحدت لکھا ہی کثرت سے ۔ ایک کو لاکھ مین دکھایا ہی

معرفت کے خیال پڑھنے سے ۔ اللہ اللہ ہی یاد آتا ہی

دیوتاؤن کی چھپان استت ۔ قلب پڑھکر رقیق ہوتا ہی

عشق اور حسن کے خیالونکو ۔ کیا کہون میرا دل ہی جانتا ہی

ہی حقیقی بھی اور مجازی بھی ۔ عاشقی کا بیان پورا ہی

شمع رویون کی ہی جہان تعریف ۔ شعلۂ عشق دل سے اٹھتا ہی

مہ جبینون کا ہی خیال جہان ذکر ۔ وصف خورشید پیکرون کا ہی

وصف افشان لکھا ہی چن چن کر ۔ عرش سے تارون کو اتارتا ہی

ان خیالونکے چوک دیکھے سے ۔ چاندنی چوک بھول جاتا ہی

چار چیز کون ہین ان خیالون کے
ساری مخلوق کا تماشا ہے

کونسی بات کا بیان نہین
جسکو جو چاہیے مہیا ہے

مندرج ہین عجائبات جہان
اسمین گھر بیٹھے سیر دنیا ہے

درج ہین شاعری صنائع بھی
جو لکھا ہے وہ خوب لکھا ہے

لکھے ذو معنین بھی ہین خیال
بات مین بات جس سے پیدا ہے

خانہ داری فقیری کے حالات
کہین احوال دین و دنیا ہے

ہے کہین سوز اور کہین ہے ساز
ناز یکجا نیاز یکجا ہے

ہین مضامین رست بندش چست
الغرض سب طرح سے عمدا ہے

کہین ذکر شراب و شغل کباب
مست کرتا ہے ہوش کھوتا ہے

کہین ابجد لکھی ہے پھولون کی
گل معنی سے ہار گوندھا ہے

کہین شیرینی کا تلازم ہے
جسکا ہر ایک حرف میٹھا ہے

کہین شطرنج گنجفے کا ذکر
کہین چوسر کا اسمین نقشا ہے

کہین ہولی دیوالی اور بسنت
حال تیوہارون کا بنایا ہے

فصل و موسم کا ہے بیان کہین
سردی گرمی کا حال لکھا ہے

سلکے برسات کے خیالون کو
ابر کی طرح دل امنڈتا ہے

ذکر زیور ہین خیال ہین یہ
شاہد فکر پہنے گہنا ہے

کھینچ لی ہے خیال ہین تصویر
کتنا اچھا لکھا سراپا ہے

واقعی اس کتاب نادر کو
گر کہون لاجواب زیبا ہے

چھوٹی رنگت ہین ہین بڑے مضمون
گویا کوزے مین بند دریا ہے

دوڑتی پھرتی ہے خیابون مین | لڑکی رنگت مین زور ایسا ہے
کھڑی ہوتی ہے راگنی آکر | وہ کھری رنگت اسکی عمدا ہے
بڑی رنگت کی ہے بڑی وہ شان | چرخ کو سنکے چکر آتا ہے
نام جس بحر کا ہے میری جان | دلربائی کا اسمین نقشا ہے
ٹوٹے دل کو وہ مومیائی ہے | نام جس بحر کا شکستا ہے
کیون ہون اسمین خوبیان یہ کتاب | کسکے افکار کا نتیجا ہے
منشی نشان گیندن لال | شاعر و شعر فہم و دانا ہے
شعرا جسکو کہتے ہین گوہر | واقعی اسم بامسما ہے
راستی پیشہ بات کا سچا | سخن آبدار کہتا ہے
ماشاء اللہ طبع نے اسکی | کیا خدا داد حسن پایا ہے
چشم بددور حق کی بات ہے یہ | نثر اور نظم خوب لکھتا ہے
ہنر و علم و فضل سب کے سوا | اسکا اخلاق کتنا اچھا ہے
یا خدا روز بہ ہو دولت و عمر | یہ دعا ہے یہی تمنا ہے
دیکھکر اس کتاب کو مین نے | دل سے اپنے کہا کہ سنتا ہو
سال تاریخ اسکی مجکو بتا | تجھے اسدم یہ بات زیبا ہے
تب کہا دل نے مادہ اسکا | باغ گلہائے طرہ اچھا ہے

قطعہ تاریخ تصنیف کتاب از مصنف

خیالات سے مجکو مطلب نہ تھا کچھ | مگر بعض احباب نے مجھسے کہکر
جنھین شوق تھا آگ دررا گئی ہے | طبیعت مین رکھتے تھے کچھ چلبلاہٹ

مروت کے مصدر محبت کے مظہر
عنایت کے مخزن فتوت کے معدن

کیا مجھسے اصرار تب مین نے لکھے
یہ تھوڑے خیالات وقتاً فوقتاً

خدا کے کرم سے ہوا ختم نسخہ
بہ آئین خوب و بہ انداز احسن

کہین حمد ہی اور کہین منقبت ہی
کہین عشق پر فن کہین حسن رہزن

کہین ذکر دنیا کہین فکر عقبےٰ
کہین لطف دریا کہین سیر گلشن

خیالات گاتے ہین جب گانے والے
تو بھرتا ہی پھولونسے مقصد کے دامن

ہوئی فکر تاریخ کی مجکو گوہر
ہوا ختم سے جب یہ نسخہ مزین

کہا ملہم غیب سے نے لکھ برابر
سر خنگ و طنبور و بلبان و ارگن

تاریخ و تقریظ منظومۂ خلاق المعانی تاج الشعرا غیرت خاقانی جناب استاد منشی شلیو پرشاد صاحب کشتہ دام ظلہ العالی نائب کمالسدار بڑنگر ریاست اجین تلمیذ رشید جناب میرزا الفتہ صاحب

سال و سن انیس سو سینتس مین گوہر کی کتاب
لاونی والون کی خاطر سے بنائی لاجواب

واہ کیا ہی وہ کتاب منتخب رشک بہار
کوئی کہتا ہی گل عشرت کوئی در خوشاب

جو کہ گاتا ہی خیالات اسکے با صرف ہنر
اسکو دنیا مین شرف ملتا ہی عقبیٰ مین ثواب

لنگڑی رنگت اور برابر اور رنگت و دن کی
ایسی خوبی سے لکھی ہی جو نہین رکھتی جواب

لفظ رنگین و مضامین شگرف و منتخب
سعی مقبول والہا چون دعاے مستجاب

اس طرح سے درج ہین انمین کہ جیون ہون ماہ و مہر
پر ضیا و پر صفا و پر عطا و خوش خطاب

نگہ ہین وہ شاگرد میر نے لیک بے ریب و ریا
لیگئے سبقت ہین فن شعر مین با آب و تاب

فکر ظہوری را ہنر و یا ذہن تیزش قیل و قال
فکر نظیری را بود یا نظم او تاب جواب

گر نویسد بر ورق بیساختہ فقرات نثر — آسمان آرد دو آتش کلک بخشد آفتاب
نیک فہم و نیک فکر و نیک خو و نیک جو — نیک طبع و نیک وضع و نیک رعین شباب
خیمۂ ابیات اور اشد و تد علم عروض — ہم سبب ہم فاصلہ گشتہ برائے او طناب
ہے دعا کشتہ کی یہ ہردم کہ جبتک ہو جہان — ہو طبیعت اسکی اس فن مین نزاکت انتساب

خیال حامل التاریخ از منشی صاحب موصوف

ایک ہزار نوسو سینتس ہین جب ہے برم کی سال — چھپی ہے ازبس مصفا خوب کتاب گینہ لال

چوک پہلا

اہل معانی سمجھین ہین اسکو کاتب قدرت کی تحریر — صاحب صورت ایسے جانے ہین شک بدر منیر
شاعر جب دیکھتے ہین ویسے کہتے ہین ای رب قدیر — رہے ہمیشہ فرخ گوہر فخر شاہ ظہیر
کشتہ جب پڑھتا ہے اسکو کہتا ہے ویسے فی الحال — چھپی ہے ازبس مصفا خوب کتاب گینہ لال

چوک دوسرا

موتی بھرے ہین کہ لکھے اسمین بحر سخن سے لا لا کر — مہر درخشان چھپا ہے رشک سے شرما شرما کر
نار خجالت پر جلتا گل ہے داغ جگر مین کھا کھا کر — حور بہشتی سنے ہین شوق سے اسکو آ آ کر
شاہ علی اور گرو ولکن گر کہتے ہین باصدق مقال — چھپی ہے ازبس مصفا خوب کتاب گینہ لال

چوک تیسرا

کوئی گاتا کوئی سنتا کوئی پڑھتا اسکے خیال — راگ راگنی بزم بزم گرین ہین قیل و مقال
کسیکو ہوتا وجد ہے سنکر کسیکو آتا ہے بس حال — دھنتے ہین سر کو دھنا ہین دیکھے جو ہین اہل کمال
آخر داس اور قاسم کھنو کہتے ہین یہ زبان سنبھال — چھپی ہے ازبس مصفا خوب کتاب گینہ لال

چوک چوتھا

کھلا امتحان سے دلکو کشتہ راز خفی و ہنر جلی	بھید کو اسکے سمجھے کھلی ہمارے دل کی کلی
انا اعطینا کے اب معنی عیاں ہوے سوگند علی	سمجھکے دلمین پھرے ہین شوق مین زاہد گلی گلی
سبکی زبان پر ہی یہ جاری واہ کتاب و رواہ خیال	چھپی ہی ازبس مصفا خوب کتاب گنینہ لال

تاریخ بقاعدہ جفر طبع زاد شاعر رنگین بیان نکتہ پرور صاحب فہم وذکا میر فدا حسین صاحب دہلوی المتخلص بہ ولا شاگرد جناب کشتہ صاحب موصوف الصدر

قطعہ اول تاریخ ہجری

واہ وا خوب چھپی ہی یہ کتاب گوہر	جسکے تعریف یہ کہتی ہی تمنا سے ولا
تحت اور فوق کی حرفونسے ملا کر تاریخ	آخری شعر کی توضیح کرو مین انشا
حالت خواب مین دیکھا جو تراسبزہ خط	بلبل فکر مرا بول اٹھا صل علا

جو سب حروف اول و آخر شعر آخر کے جمع کئے جاوین تو سنہ ۱۲۹۰ ہجری ہوتے ہین ۔

قطعہ دوسرا

عیسوی ڈھونڈھی جو تاریخ کتاب گوہر	تو بتاتا ہون یہ آئین دگر تجکو ولا
اول آخر کے اگر حرفونکی تقلیب کرے	حرف سے مصرع ثانی کے ہو مطلب پیدا

تصریح اسکی یہ ہی کہ مصرع رابع کا اول حرف ح ہی اور اسکا آخری لفظ پیدا جسکا آخر حرف الف ہی اب جمع کیا تو ہوے ۸ا- اور اس ۸ا- کو جو معکوس کیا تو -ا۸- اور ایزاد کیا اسپر تو اس صورت مین بموجب علم جفر سنہ ۱۸۱۸ع ہوے۔

قطعہ تاریخ تصنیف کتاب نو گر بز خامہ فیض شمامہ جناب معلی القاب المعی لوذعی قبلہ و کعبہ صاحب فہم و ذکا منشی راغم دیال صاحب متخلص بہ رسا دام ظلہ والد ماجد مصنف نسخہ ہذا

گفت برخوردار گنینہ لال ام العزہ	این جلالات ملطیف و این نکات جانفزا

سال تاریخش زمن پرسید دوست سخا ۔۔۔ شکرستان خیال نادرہ گفتم رسا

از نتائج فکر بلاغت اشتمال جناب منشی مٹھن لال صاحب دانا تخلص مصنف

مجموعۂ صد خیال ہی رشک بہار ۔۔۔ زیبا ہی اگر کہون گلستان خیال

تاریخ کی فکر میں تھے ہم ۔۔۔ ہاتف نے کہا کہ سنبلستان خیال

تاریخ تصنیف کتاب از شاعر بے بدل بابو راجی مل صاحب نمکین دوست مصنف

مہربان میری ہین اک کان عطا بحر سخا ۔۔۔ گوہر درج بلاغت گل گلزار وفا

یہ کتاب انکی ہی تصنیف یہ انکا ہی کلام ۔۔۔ کیا خیالات لکھے اسمین ہین عمدا عمدا

ہین یہ نسخہ کھلا یا ہی گلستان سخن ۔۔۔ بلبل خاطر عشاق ہو مین اسپہ فدا

ای نمکین معجمہ حرفوں مین لکھو تم تاریخ ۔۔۔ گلشن عشق ہی بے مثل و سراپا زیبا

تاریخ تصنیف کتاب از شاعر ذی استعداد و سخن نقاد منشی انبکا پرشاد صاحب جوہر بدایونی

ہماری دوست ہین خوبی کے مخزن ۔۔۔ علیم و عاقل و استاد ہر فن

منشی گیندن لال گوہر ۔۔۔ بجا ہی کہیے علم و فن کا معدن

لکھے کیا خوب انہون نے یہ خیالات ۔۔۔ بطرز نادر و نایاب و احسن

جب اسکو پڑھیے دل ہو شاد و خرم ۔۔۔ جب اسکو دیکھیے ہو آنکھ روشن

گلستان سخن ہی انکا نسخہ ۔۔۔ گل معنی سے بھر جاتا ہی دامن

جو پوچھی میرے دل نے انکی تاریخ ۔۔۔ ندا دی غیب سے ہاتف نے فورًا

حروف معجمہ مین لکھدے ۔۔۔ سراپا زیب و بے تمثیل گلشن

تاریخ تصنیف کتاب بحبہ قلم جادو رقم منشی چھوٹے لال صاحب عزیز مصنف شاگرد جناب سحر بدایونی

سحاب کرم بحر فیض و عطا ۔۔۔ بہار گلستان لطف و سخا

ہے نام اُنکا ... کلام آبدار
جنھون نے یہ نسخہ مرتب کیا

حقیقت مین ہین شاہ ملک سخن
نہین ایسا شاعر کوئی دوسرا

بنائی اُنھون نے یہ نادر کتاب
پڑھی جبکہ کسی نے کہا مرحبا

پسند آئی خاطر کو میری بہت
ہوا جان و دل سے مین اسپر فدا

کھلایا ہے کیا خوب باغ خیال
خزان کا نہین خوف جسکو ذرا

کہا مجھسے خوش ہاتف غیب نے
ہے تاریخ اسکی گل عنبر ربا ۱۲۹۴ھ

تاریخ تصنیف کتاب از صاحب فکر رنگین خوش کلام بابو سیتارام صاحب اہلکار پولیس ضلع بدایون

کس آب و تاب کا گوہر نے یہ لکھا نسخہ
زمانہ شاد ہوا سنکے یہ نفیس کلام

خیال مین ہین رقم عشق و معرفت کے رموز
یہ چاہا مین نے کہ تاریخ اسکی ہو اتمام

بتا دیا مجھے ہاتف نے سال طبع ابھی
خیال معرفت کردگار سیتارام ۱۲۹۷

تاریخ طبع کتاب از شاعر رنگین سخن لالہ رام چرن صاحب بدایونی

کان سخن مخزن علم و ادب
شاعرون مین جنکا ہے لقب

خوب خیالات اُنھون نے لکھے
ہوتے ہین خوش پڑھکے خیالونکو سب

لکھدو سن انطباع
طرۂ دستار بہار طرب ۱۲۹۸ھ

قطعہ تاریخ تصنیف کتاب از شاعر خرد ور لالہ کرپاشنکر سلمہ اللہ اکبر شاگرد جناب سحر

مخدوم مرے جناب صاحب
جنکا ثانی جہان مین کمتر ہے

تصنیف ہے اُنکی یہ خیالات سب
جسکا ہر ایک لفظ یہ جوہر ہے

تصنیف کا سال اسکی
قانون خیال طرۂ گوہر ہے ۱۲۹۴ھ

تاریخ طبع از شاعر باکمال عدیم المثال پنڈت دیدیال صاحب پرشاگرد مصنف

گرچہ کیا نسخہ لکھا استاد نے
جو کہ ہے سرمایۂ ناز و نیاز

آشکارا اس سے ہو جاتے ہیں صاف
در حقیقت عشق کے جتنے ہیں راز

اس سے عمدہ کیا لکھیگا کوئی غیر
اسقدر حاصل ہے کسکو امتیاز

ای شتر سرا اس نسخہ کی تاریخ طبع
ہے خیال گوہر دشمن گداز ۱۲۹۶

تاریخ تصنیف کتاب از شاعر نازک خیال لالہ امیرن لال صاحب راحت متوطن سہاور تلمیذ مصنف

یہ ہے نسخۂ بے مثال حقیقت
حقیقت میں لکھا ہے حال حقیقت

کلام حقیقت کمال حقیقت
کتاب حقیقت مقال حقیقت

ہمیشہ ہے اس گلشن بے خزاں میں
بہار حقیقت نہال حقیقت

خیالات گوہر سے ہوتے ہیں ظاہر
جواب حقیقت سوال حقیقت

مجھے فکر تاریخ کی تھی جو راحت
کہا دل نے لکھا خیال حقیقت ۱۲۹۶ھ

تاریخ طبع از شاعر با دانش و فرہنگ رائے دیوان سنگھ صاحب متخلص بہ خوش شاگرد مصنف

کیا خوب یہ خیالوں کا نسخہ ہے واہ واہ
سنتا ہے جو کوئی وہ یہ کہتا ہے واہ واہ

کیونکر نہو پسند قلوب جہانیان
گوہر کا یہ کلام مصفا ہے واہ واہ

ای خوش زر وصف لکھا اسکا سال طبع
تاریخ نظم عقد ثریا ہے واہ واہ

تاریخ تصنیف کتاب از سخنور یکتا شاعر دانا لالہ بنسی دھر صاحب متخلص بہ دریا تلمیذ مصنف

عجائب خیالات کا ہے یہ نسخہ
مضامین ہیں جسمیں بہت خوب خوشتر

زبان قلم سے صفت کسطرح ہو
ثنا اسکی حد بیان سے ہے باہر

ہیں عشق مجاز و حقیقت کی باتیں
مطالب ہیں توحید کے اسمیں اکثر

صنائع بدائع تلازم معما — کیے آئین ظاہر ہین اچھی طرح پر
نہ کیون ہون یہ تصنیف کسنے کیے ہین — جو تیغ علوم و ہنر کے ہین جوہر
ہین لعل بدخشان شعر و معانی — تخلص زمانے مین روشن ہے گوہر
خدا انکو آباد اور شاد رکھے — مددگار ہو بخت اقبالی یاور
مجھے فکر تاریخ کی تھی جو دریا — کہا دل سے زیبا خیالات گوہر ۱۲۹۴ھ

تاریخ تصنیف کتاب از شاعر خوش فکر با کمال منشی شرفی لال صاحب اشرفی شاگرد مصنف


استاد ہمارے ہین جو گوہر — ذات انکی ہے مجمع کمالات
اس نسخے مین درج کردیے ہین — جو عشق و حسن کے ہین حالات
مرقوم خیالون مین ہے یکسر — کیا خوب صنائع و مثالات
لکھا اشرفی اسکا سال تصنیف — یکتا سائین کے سو خیالات ۱۲۹۴

تاریخ تصنیف کتاب از لاله کنهیالال صاحب خلف جناب لاله گوپال سہلے صاحب داروغه پولیس

ختم ہے یہ کتاب منت رب — شاد ہوئے ہین اسکو پڑھکر سب
لکھو تاریخ اے کنهیالال — بے بہا گوہر خیالات اب

تاریخ طبع کتاب از مصنف

جن دنون فرمائش احباب کا — تھا تقاضا مجھکو گوہر بیشمار
تب لکھے یہ عاشقانہ سو خیال — مین نہون گا یہ رہینگے یادگار
چھپ گئی فضل خدا سے یہ کتاب — تب ہوئی تاریخ کی فکر آشکار
غیب سے ہاتف نے پکارا نام لا — ہے خیال گوہر سینه فگار ۱۲۹۶ھ



نمبر ۳

ہی روز قیامت سے بھی بڑھکر شب فرقت
کب ہی ترے گیسو کے برابر شب فرقت

شاید ہی تری زلف کی ہمسر شب فرقت
منہ دیکھیے تو آئینے ہین جاکر شب فرقت

شب فرقت نے مجھے مارا
کرون کیا یار و اب چارا

جدا ہی ہائے وہ مہ پارا
ملیگا دیکھیے کب پیارا

نہین ہی فرقت کا یارا ڈوب گیا قسمت کا تارا
ملادے خدا مرا جانی سمجھو نہین جو ہی لاثانی

نمبر ۴

بعد مرون بھی رہا دل نہ جلن سے باہر
کیا لکھون شوق کہ ہی حد سخن سے باہر

شرر آہ نکلتے ہین کفن سے باہر
لفظ ہو جاتے ہین جدول کی شکن سے باہر

شوق سے بہت دل ہی مضطر
جدا ہی مرا پری پیکر
کہین یون ہروپ چند کیا غم

حال فرقت سے ابتر
ملادو جلد کوئی لاکر
جھلکتا قطرہ جھم جھم جھم

نمبر ۵

یار نے گھونگھٹ رخ روشن پہ مارا کھینچکر
گھر مین جا بیٹھا صنم ہمسے کنارا کھینچکر

رہگئے ہم جی ہی مین ارمان نظارا کھینچکر
غم نے حسرت سے نکالا دم ہمارا کھینچکر

کھینچا آہین ہون غمناک
جگر ہی اپنا غم سے چاک
خدا اب وہ دن دکھلادے

عشق نے ڈالی سر پر خاک
دیکھیے کب ہو ملنا پاک
کو ہنر وصل بالمعہ آوے

بکھیر بیدو ڈ مخصوص ہی خیال ممبر برسات سے

ساقیا لانا شراب اچھی دوبارا کھینچکر — اور ملانا عطر عنبر آسمین سارا کھینچکر
پاس لائی ہی گروں پر دم ہمارا کھینچکر — تو نہ جانا پاس سے ہرگز کنارا کھینچکر

عیش کا روز وصل کی رات
رہے جب اپنا دلبر ساتھ
گرجتے بادل ہین گھنگھور

چین کا وقت خوشی کی بات
نہ آوے خوش کیونکر برسات
پپیہے کرتے پی پی شور

نمبر ۷ یہ خیالات ہولی سے مختص ہین

ہولی آئی گیا غم ہماگ کھلے اپنے سہاگ — عیش کی رات ملی عیش سے اس رات کو جاگ
پھاگ کی فصل ہی اس فصل کا خوش کیون نہو بھاگ — رات کا وقت ہی اسوقت کا گاؤ کوئی راگ

موسم ہولی ہی خوشتر
لٹانا چاہیے مال و زر
ہوش مین تلبسی دھرا

پچکے بھر بھر کر ساغر
بھرے ہون دامن مین گوہر
خیال اک ہولی کا گاؤ

نمبر ۸ متعلق خیال ہولی

بہار آئی ہی ہولی کی جہانمین سبکو مستی ہی — جوان و پیر خوش ہین شغل شوق مے پرستی ہی
بتان شوخ کی پوشاک پر رنگت برستی ہی — خوشی ہی جام خندان ہین صراحی آج ہنستی ہی

آج ہین خوشی سی سب مدہوش
شرابین کرتے ہین سب نوش
بڑا ہی ہولی کا تیوہار

کوئی ہی مست کوئی خاموش
خوشی کا چار دن طرف ہی جوش
ملے گا مجھسے میرا یار

نمبر ۹ متعلق خیال ہولی

صراحی مین بھری ہی کیون مے گلفام اے ساقی — بہار آئی ہی ہولی کی پلا دے جام اے ساقی

ملا ہی سال بھر کے بعد یہ ہنگام ای ساقی ۔ ترا ہو نام ای ساقی ہمارا کام ای ساقی
گرہ کس کے واسطے لائیستہ و بادام ای ساقی ۔ لیا کرتے ہین تیری چشم و لب کا نام ای ساقی

ساقیا پلا دے مجھکو جام ۔ آ گئے ہولی کے ایام
بھلا ہو دونون کا انجام ۔ ہمارا کام تمھارا نام
خدا نے زبان مری کھولی ۔ نہ گاؤن خوشی سے کیون ہولی

نمبر ۱۰ متعلق عام خیالات ہولی مخصوص حصہ عارفانہ

ہولی کا روز آیا ہی موسم ہی یہ عجب ۔ جام شراب عیش سے ہین مست غنچہ لب
اڑتا ہی جو عبیر و گلال آج خوش ہین سب ۔ چھایا ہی ابر ایسا کہ سورج گیا ہی دب

ساقیا کر دے متوالا ۔ تو ہی ہی اک ہمت والا
ہمیشہ بول رہے بالا ۔ ہووے دشمن کا منھ کالا
بنسی و دھر برج کی بولی مین ۔ سناؤن طرح ہولی مین

نمبر ۱۱ متعلق خیال گنجفہ نمبر ۶ کے

نرگس کو تیری آنکھ سے نسبت ذرا نہین ۔ نسبت جو کوئی دے تو اُسے سوجھتا نہین
غم کھانے کے سوا کوئی اپنی غذا نہین ۔ پیتا ہون خون دل کبھی پانی پیا نہین
سمجھو نہ اسکو کھیل یہ ہی سر یہ کھیلتا ۔ گو ہی یہ عشقبازی ہی کچھ گنجفہ نہین

گنجفہ نہین عشق کا کھیل ۔ بڑی اس کھیل کو ہوگی جھیل
ملانا کٹھن ہی اسکا میل ۔ ابھی تو کچھ دن پاپڑ بیل
گنجفہ رکھے بازی آٹھ ۔ عشق کی بازی ہین سو ساٹھ

نمبر ۱۲

نہین خال سیہ ہر گز لب لعلین جانان پر
خیال آتے ہین اک آسیب آتا ہے دل وجان پر
ہوا فرمان روا زنگی کوئی ملک بدخشان پر
کسی کا سنسکے کرنا بات رکھا انگلی زنخدان پر

الف انگشت ذقن ہے سیب
قبائے یار دیکھ پر زیب
پانون مین پکڑون جوڑون ہاتھ
نہ آوے کیون دل پر آسیب
چاک کرتا ہون دامن زیب
ملے وہ شوخ [illegible]

نمبر ۱۳

اس شوخ سے گر آنکھ لڑائی نہین ہوتی
کب دل کے سوا کوئی طرفدار ہوا اپنا
خورشید کا چشمہ ہے مرے یار کا عارض
اک خلق سے اور ہمسے لڑائی نہین ہوتی
کب تیری طرف ساری خدائی نہین ہوتی
اس چشمے مین گوہر کبھی کائی نہین ہوتی

بہت ہی اپنا دل بیتاب
گیا ہون بھول خوراک و خواب
ملا دے جلد خدا دلبر
تڑپتا ہر دم جیون سیماب
نہ دانا بھاتا ہے نہ آب
بہت ہے غمگین [illegible]

نمبر ۱۴ متعلق خیال فارسی بحر دوم نمبر ۱۸ و ۱۹ عام نمبر ۷ و ۸ خاص

ای بیا بنشین کہ گویم با تو راز دل دمے
گرچہ گوہر خاک شد بر باد شد پی آب شد
من نہ گویم آنچہ گوید سوز و ساز دل دمے
گم نشد لیکن بہ دنیا حیف آخر دل دمے

دلم در زلف گشت اسیر
برائے خدا مکن تاخیر
خیال تازہ گفت فی الحال
چہ سازم درین وقت تدبیر
بیا ای شوخ بت بے پیر
عاشق صادق گیند ملال

نمبر ۱۵ مخصوص خیالات برسات

ہم نفس ہمدم ہمین برسات مین مشکل پڑی
سنکے بجلی کی تڑپ ہر دل کو بیتابی بڑھی

دیکھ بارش کو لگا دی اپنی آنکھون نے جھڑی
رعد کرتا شور ہی لرزے ہی سینہ ہر گھڑی

جدا ہی بارش مین گلفام
ہمین ہی خاطر کو آرام
خوش آوے کیون ہمکو برسات

کرین کیا لیکرے کا جام
ہمین ہمین بہاتے یہ ایام
ہمین ہی اپنا دلبر ساتھ

نمبر ۱۶ متعلق خیال بارہ ماسہ انگریزی نمبر ۳ عام نمبر ۱ خاص

مہربانی کا ہی ای ساقی تری یہ وقت عین
ہند مین دورہ ہی انگریزون کا خلقت کو ہی چین

عاشق و معشوق سب بیٹھے ہین خوش بادے مین لین
جین شیری رہم براندی بیر لا پورٹ وین

دورہ ہی انگریزی بے جور
ذرا تم دل مین کرنا غور
سنو جسکی اسکی اساہی

چلے انگریزی می کا دور
خیال اک گاتا ہون فی الفور
بنا یہ بارہ ماسا ہی


نمبر ۱۷ متعلق خیال نمبر ۴ عام نمبر ۱ خاص

لے خدا کا نام ساقی صاف می مجھکو پلا
غیب سے مجھکو خزانہ عاشقی کا ہی ملا

پاک عاشق ہون سلے آئینہ دل کو جلا
لوٹ تو بھی کچھ بہارین آکے گلشن ہی کھلا

ساقیا تو ہی مرا دمساز
عشق کے جتنے ہین انداز
سیکھ گئے مجھسے سب باتین

جلد کر دریسکدہ باز
مین ہون سبکا محرم راز
سیکھلے تو بھی کچھ کھاتین



نمبر ۳

تشبیہ شبو کی شان میں تھی شگفتگی جبین تھی سراسر
ظہور ہی ضیا و ضمیر آن تھا ضمیر ہو جس سے تازہ و تر

صفت کروں ضیا کی بیان کیا صفا میں تھا وہ گل صنوبر
وہ ظاہر تھی طرے کی نرالی کہ جیسے طرہ کا گل ہو بہتر

ظہور بس ظاہری کی گل کا تھا حرف ظوین بتا تا بل
بجا ہی خط کو کہوں گلستان کہ خط کا ہر حرف تھا ہر اک گل

نمبر ۴

وہ حرف تھا عین کا عجائب کہ عشق پیدا ہوا جس سے عالم
فرنگ کا گل تھا حرف فے کا کہ جس سے فرحت ہو دل کو ہر دم

غریب گل حرف غین کا تھا کہ دیکھے غنچہ تو اسکو ہو غم
قلم لکھے وصف قاف کا کیا قمر کا گل جس سے حسن میں کم

کمال کیا کاف کا بیان ہو کہ گلستی کا تھا سب گل
بجا ہی خط کو کہوں گلستان کہ خط کا ہر حرف تھا ہر اک گل

نمبر ۵ جواب یعنی مقطع

گلاب کا گل تھا گاف کا حرف لام تھا لا کا لام لالہ
وہ اسکا تھا حرف واو والا درود کے گل سے تھا جو کہ اعلیٰ

جو میم ستھی تھا مقابل تو نون نرگس سے تھا نرالا
جو ہار سنگھار حرف ہا تھا تو حرف یا یاسمین سے بالا

رسید کو ہر سنے خط کی لکھو کھلائے بجھ میں پھول یا گل
بجا ہی خط کو کہوں گلستان کہ خط کا ہر حرف تھا ہر اک گل

نمبر ۶ خاتمہ یعنی مطلع

ملکہ کہیں وہ وا فلک سے پڑھیں الفاظ خط کے سارے
لکھیں ہم ایسا جواب خط کا کہ جسکے ہر حرف ہوں ستارے

جواب نمبر ۱ یعنی بند اول

الٰہی ہو گر آفتاب نور تو بے مہر جبیں سے بھی بڑھ کر	تجلی ایسی ہو حرف تے کی کہ گلے ترک فلک بھی تھر تھر
ہو نقطے کے نقطوں سے ایسا ثابت کہ ہو ثریا زمین اوپر	وہ جیم اسکے دائرہ ہو کہ جسکے جوزا کا برج بھی ور

وہ اسکا ہو حرف حا کے خطی کہ حوت کا برج جس سے ہارے
لکھیں ہم ایسا جواب خط کا کہ جسکے سب حرف ہوں ستارے

نمبر ۲

تجلی ہو خورشید حرف خے سے مقابلے کی نہ تاب لائے	وہ دلستان حرف دال کا ہو کہ دلو کا برج ڈوب جائے
جو ذو ذنب اسکا ذال دیکھے تو ذلتیں سکڑوں اٹھائے	ہو روشنی اسکی رے میں ایسی کہ راہ کو راستہ دکھائے

ہو حرف زے سے ہزار زہرہ کہ زرد چہرہ ہو غم کی مارے
لکھیں ہم ایسا جواب خط کا کہ جسکے سب حرف ہوں ستارے

نمبر ۳

ہو کچھ ایسے دندانے سین کے یوں کہ جیسے سورج کی کرنیں [illegible]	شہاب ثاقب ہو شین اسکا شمار کب وصف کا ہو امکان
وہ صاد ہو صبح کا ستارا صفا سے جسکی جہان تاباں	ہو ضاد و ضرغام جس سے بھی دنیا میں اپنی کمان و نشان

جو طائر نسر طوے کو دیکھے تو طاقت و نور سب سدھارے
لکھیں ہم ایسا جواب خط کا کہ جسکے سب حرف ہوں ستارے

نمبر ۴

ہو ظل خورشید ظوے سے ظاہر تمام خط ہو وہ سے نور گستر	عطارد اسکا جو عین دیکھے تو عقل کھا جائے اسکی چکر
وہ عین ہو غیرت غزال کہ جسکے چشم فلک سراسر	فروغ ایسا ہو حرف فے کو کہ فرقدان بھی ہو منور

قمر سے روشن ہو قاف اسکا کہ قطب بھی الاماں پکارے
لکھیں ہم ایسا جواب خط کا کہ جسکے سب حرف ہوں ستارے

نمبر ۵

کچھ ایسا غدہ ہو کاف اسکا کہ جسکو کیوان ہو دوئی ظلمت
وہ لام ہیں اسکے ہو دین لمعات نولی جیح کھائے غیرت
وہ میم کا حرف ہو منور کہ مشتری کو کرے ملامت
وہ نون ہیں اسکے نور ہو وہ کہ روئے ناہید کو ندامت

جو وائی عقرب اسکا وہ واو دیکھے تو منفعل ہو بارے
لکھیں ہم ایسا جواب خط کا کہ جسکے مسبوق ہوں ستارے

مخمس

ہرن نسخہ ہری ہیئت کا ہو جیسے کہ ہو زہرا سکی روشن
بھائی اثیم ہو یار دوہ پاکہ نور کا جسکو سمجھے مخزن
لکھیں ستاروں کی تلمیذ سمرقی یہ خط منور ہوا درخشاں
لکھا ایسی ہو آب و تاب گوہر کہ سنکے جلجائیں سارے دشمن

یہ سب تعلی کی باتیں ہیں ہمنے کہیں لیکن اللہ کے سہارے
لکھیں ہم ایسا جواب خط کا کہ جسکے سب تھکتاں ستارے

مخمس

لکھا شکر لب نے یاد نامہ ہمارا نام لکھوا جسکے تامل
کیا
مزہ کہوں حرف خط کا زکان مٹھائی کی تھا وہ خط کل

الف ہیں آب و فرہ تھا مرئی جیسے صفا ہیں پاری
مکی دو سبک اسکی تھی آنہیں لذت ہو جسکی تری کو بیقراری
جلیبی ہیں جلیبی ہر حلاوت تھا جیم جسکے حرف ہیں تھی رنی
جو دو بہشت اسکا دال دیکھے تو اسکو حاصل ہو دلفگاری

رقم ہو کیونکر مذاق ہے کا کہ ریوڑی کو وہ دیتی تھی چل
مزہ کہوں کیا حرف خط کا دکان مٹھائی کی تھا وہ خط کل

وہ سب ہیں اچھا تھا عین کا حرف جسکو سولی ہیں چاؤ
بیان ہو شیرینی شین کی کیا شکر ہو جسپر نثار و شیدا
صفت تھا بیان ہو وصاد کی کیا صفا میں تو کی جلیبی کہ تھا
کہوں میں تعریف طوے کی کیا طعام شیرین تھا سب میں عمدہ

سمجھیں ہیں علیں لطف قند ہم سمجھے ہم کہ جائے تھا عسل گل

فرہ کہوں کیا حروف خط کا دکان مٹھائی کی تھا وہ خط کل

نمبر ۳

وہ فائدہ مند حرف نہ تھا جو فا تو وہ پر بھی فائق
کہوں کلا قند کا ان کو کیوں یہ کب ہی تشبیہ اسکو لائق

قلم لکھے وصف کیا تھا ان کا بھلا دسے جو قند کی حقائق
وہ گاف گپ چپ کی تھی مٹھائی گری جھکے جسپہ الکھ شائق

وہ لڈو نکا تھا الف جن لطف جسکا ہی رہی خلق میں غل
فرہ کہوں کیا حروف خط کا دکان مٹھائی کی تھا وہ خط کل

نمبر ۴

ذرا تو کچھ ہم کا تھا ایسا فرے کو مصری کے تھا مٹھایا
ورق تھا نقرہ کا داد کا حرف وصل پیڑ سے جیسے پایا

نبات نسبت کی نون کی پوچھو نبات کا نام تک بھلایا
جو ہا شمی تھی وہ ملے ہونٹ تو یار دیا تو بی اسکی تھی یا

رسید خط میں چھوٹی اچھی بھی گوہر اچھی طرح گئی کھل
فرہ کہوں کیا حرف خط کا دکان مٹھائی کی تھا وہ خط کل

نمبر ۵

چمن میں آئی بہار تازہ گلوں کا جوبن ہوا سوایا
بجا و شادی سے شادیانے خوشی خوشی سی بسنت آیا

نمبر ۱

صنم نے پہنی قبا بسنتی ہی عاشقوں کی ردا بسنتی
چمن میں ہر گل کھلا بسنتی تمام صحرا ہوا بسنتی

ہر اک نے جوڑا رنگا بسنتی ہے رنگین جا بجا بسنتی
ہیں شاہ سے تا گدا بسنتی شراب ساقی پلا بسنتی

اشعار

۱ ساقیا ہو ترا خیال کدھر
کچھ تجھے ہی بسنت کی بھی خبر

ابھر بسنتی شراب سے ساغر — زعفرانی ہو جامۂ دلبر

مبارکی اور سلامتی کا تمام عالم نے غل مچایا
بجاؤ شادی سے شادیانے ہنسی خوشی سے بسنت آیا

نمبر ۲

خدا کی ہے آج مہربانی خوشی سے کٹتی ہے زندگانی — نہ کیون ہو غیرت عروس گل ہی کہ مہربان ہے وہ یار جانی
غلط ہے یوسف کی سب کہانی نہین ہے کوئی صنم کا ثانی — بہار ہے اسکی جاودانی لباس ہے اسکا زعفرانی

اشعار

نرگس نے آنکھ کھولی ہے کیون انتظار کی — آمد ہے آج باغ مین کس گلعذار کی
ہے غلغلہ مین بسنت سے آمد بہار کی — گل پر لگی ہے آنکھ چمن مین ہزار کی

خدا کا کرتا ہون شکر لاکھون کہ سال پیچھے یہ روز آیا
بجاؤ شادی سے شادیانے ہنسی خوشی سے بسنت آیا

نمبر ۳

کھلی ہے نرگس چمن مین عبہر کھلا ہے صد برگ غنچہ تر — ہے کھل رہی کیتکی کہین کہین یہ سرسون ہے جلوہ گستر
کھلا ہے سنگہار ہار کہین کہین یہ ہے راج رنگ بہتر — کہین ہے دور شراب ساغر غزل کہ ہے لطف ہر طرح پر

اشعار

بسنت آیا شگوفہ لایا تازہ گل کھلایا ہے — بہارستان مین سرسون کی پھیلی پر چھایا ہے
بسنتی پیرہن ہر ایک گلرخ نے رنگایا ہے — شراب زعفران کا جام ساقی نے پلایا ہے

غلط کرو غم پیو شرابین کہ ہاتھ دھوپ پر رکھا انکا سایہ
بجاؤ شادی سے شادیانے ہنسی خوشی سے بسنت آیا

نمبر ۴

بسنت جب ہو گیا میں جگمگایا خوشی سے سب خلق نے منایا
ہمارا دل بھی خوشی میں آیا خیال فوراً اپنا بنایا
پرند شوق سے پڑھا یا بسنتی جوڑا اپنا سجایا
سماں میں جب بسنتی چھڑ گایا تو رنگ دشمن کا چھین لایا

اشعار

جہاں میں ہوا جلوہ گر جب بسنت
ہمارا بھی پورا ہوا مطلب بسنت
خوشی سے منانے لگے جب بسنت
مبارک ہو ہر اک کو یارب بسنت

ہمارے استاد ہیں جو گوہر جو ہم خوش کر کے ہمیں خلعت ایا
بجا و شادی سے شادیانے خوشی کی سے بسنت آیا

نمبر ۵

چمن میں ہر باد سرو چلتی فلک پہ چھائی ہو بدلی کالی
ہوا ہے برسات کی نرالی گھٹا ہے برسات کی نرالی

نمبر ۱

کنارے دریا کے دیکھو جا کر ہے سبزہ کیا خوب لہلہاتا
ہر رنگ بدلی نئے بدلتی ہے ابر مستوں کی طرح آتا
کہ دیکھ کر جسکو جی خضر کا بھی شاد ہو کر ہے لہر کھاتا
ہوا ہے ٹھنڈی سے چلتی فلک نئے رنگ ہے دکھاتا

چمن میں صحرا میں گھر میں بن میں جہاں میں ہے ہر طرف بحالی
ہوا ہے برسات کی نرالی گھٹا ہے برسات کی نرالی

نمبر ۲

خدا کی رحمت سے ایک جانب ہے بوندیوں کی پھوار دیکھو
پہاڑ کیا اور کیا بیابان ہر اک طرف سبزہ زار دیکھو
سفید بگلوں کی آسمان پہ جاری کیا کیا قطار دیکھو
اثر دکھائی ہوا اپنا برسات یارو کیا کیا بہار دیکھو

خوشی سے غنچے ہیں کھلکھلاتے تو پھول پھولے ہیں ڈالی ڈالی
ہوا ہے برسات کی نرالی گھٹا ہے برسات کی نرالی

نمبر ۳

تمام مرغان بوستان کو ہے آج رنج و ملال بھولا
جھکا کے جھلے باد سحر ہے دیتی خوشی سے بلبل کا دل ہے پھولا

بنائی رسی ہے عشق پیچاں کی شاخ گل میں ہے ڈالا جھولا
ملار ہیں گاتی ہیں قمریاں سب مجھے بھی ساقی شراب تو لا

چمکتی بجلی ہے آسمان پر کہیں عیاں ہے شفق کی لالی
ہوا ہے برسات کی نرالی گھٹا ہے برسات کی نرالی

نمبر ۴

گرجتے بادل ہیں خوب گھنگھور مور کرتے ہیں شور ہر دم
وہ سمجھیں یا تم ہی ہمارے نہ کیسے برسات ہوں خوش ہم

پپیہے پی پی پکارتے ہیں لگی ہے بھرلی کوئل کی کوک پیہم
طرح طرح کے جو لطف دیکھے تو دل ہوا گو ہے اپنا خرم

بہار برسات کی جو چھائی تو ہم نے بھی لا دلی بنائی
ہوا ہے برسات کی نرالی گھٹا ہے برسات کی نرالی

نمبر ۵

تمھیں ہے ذرہ نوازی لازم کہ چہرہ ہے آفتاب نور
نہ زیر دستوں پہ ظلم کیجے کہ تم سے ہے انکا حال بہتر

نمبر ۱

دیار خوبی کے شاہ ہو تم غلام ہیں سیف و سکندر
کسی کا منشی اور کسی کا ہے نام تمھارا ہے دور سب سے بہتر

وہ سرخ عارض ہیں مثل گل کے سفید ہیں دانت مثل اختر
تمھارا ہے خوف سب کو غالب دل کسی کا سکوں ہے ڈر

اگر کیا زبردست حق نے تمکو تو چاہیے رحم بیکسوں پر

نہ زیر دستون پہ ظلم کیجے کہ غم سے ہے اُنکا حال ابتر	

نمبر ۲

کرے نہ دنیا مین عشق بازی کہ اسمین تکلیف ہے سراسر	نہ مال و زر گنج فائدے سے مصادرہ عشق کا ہے بڑھکر
ہم اپنا دل دیکے ہین پشیمان ہے تنگ ناک حال دیگر	نہ کیسے ملے جگر ہمارا کہ تم نہین آتے پاس دم بھر

نگہ کی شمشیر کو سنبھالو نہ ہمکو نہلاؤ خون کے اندر
نہ زیر دستون پہ ظلم کیجے کہ غم سے ہے اُنکا حال ابتر

نمبر ۳

تماشہ ہین اپنی ہم بھی کیہ ہین یاد رکھیے گا بندہ پرور	جو ہمسے تاج و کلاہ مانگو تو رکھدین ہم اپنا کاٹ کر سر
جو عرض کرتے ہین حال اپنا برا لگے تم کیون ہے بات دلبر	چھڑا دو پنجے سے غم کے ہمکو کہ چھوٹے جاتے ہین چھکے یکسر

ذرا سمجھ بوجھ کام کیجے کہ خود بھی ہوشل رہوگے بہتر
نہ زیر دستون پہ ظلم کیجے کہ غم سے ہے اُنکا حال ابتر

نمبر ۴

اگرچہ ہین ہیچ عیب شعری مگر ہے یہ عشق سب سے بدتر	خلل ہے لاتا دماغ و دل مین خلال کرتا ہے عاشقون کو
جگر کو کرتا ہے سوختہ غم سے یہ نادری ظلم ہے برابر	حواس اُڑتے ہین اسطرح پر ورق اُڑین جیون ہوا کے اندر

سماعتین گا بانسری مہر آج چنگ لیکر خیال گوہر
نہ زیر دستون پہ ظلم کیجے کہ غم سے ہے اُنکا حال ابتر

نمبر ۵

بچھاتے شطرنج عشق کی ہین پوچھو ہمسے کہ حال کیا ہے
جو کوئی شاطر ہو وہ سمجھے کہ عشق بازی کی چال کیا ہے

نمبر ۱

ادھر تو باغی عقل کا شاہ جو کہ ناحق جھگڑ رہا ہے
ادھر شکیبِ قرار و طاقت کا لشکر بگڑ رہا ہے

وزیرِ اعظم ہمارا دل ہے وہ اس مخالف سے لڑ رہا ہے
ہوا سوار دن کا رخ ہے پیادہ ہر ایک کا اسپ اڑ رہا ہے

ارادہ کیا کر سکیں پیادے زیادہ انکی مجال کیا ہے
جو کوئی شاطر وہ سمجھ لے کہ عشقبازی کی چال کیا ہے

نمبر ۲

ہے دل کا منصوبہ مہرہ ماروں جو زور آتے ہیں سب دکھاؤں
ہے عقل کا قول ہر گھڑی یہ سنو اگر تو تمھیں سناؤں

شکست دیں عقل کو کروں رخ فرنگ اور روم تک بھگاؤں
بساط ہوتی ہے دل کی تھوڑی سے انھیں قید میں پھنساؤں

ہیں جو جھیں دونوں طرف سے تیار دیکھیں تا مآل کیا ہے
جو کوئی شاطر ہو وہ سمجھ لے کہ عشق بازی کی چال کیا ہے

نمبر ۳

کسی نے بازی نہ جیت پائی ابھی تو در پیش ہے لڑائی
پڑا ہے بس ایک رسیا ہیں یاں کہ دن اسکی کیا صفائی

ہوا نہ دونوں میں ایک کا مات پر دو بھی ایک نے نہ پائی
تھا حسن مشہور نام اسکا وہ بولا ہے صلح میں بھلائی

رہی جو دونوں کی بازی قائم تو اس سے بڑھکر کمال کیا ہے
جو کوئی شاطر ہو وہ سمجھ لے کہ عشق بازی کی چال کیا ہے

نمبر ۴

کیا رضامند عقل کو دل کو اور آپ کو عشق میں ملایا
پڑھی یہ گوہر کے کان میں بات چال لوگوں نے جا سنایا

ملے جو حسن اور عشق باہم تو دونوں کا دل خوشی میں آیا
پسند خاطر یہ قصہ آیا خیال فوراً وہیں بنایا

سمجھ لیں گے تا ہر آج عیسی یہ غور دیکھ خیال کیا ہے

جو کوئی شاطر ہو وہ سمجھ لے کہ عشق بازی کی چال کیا ہے

مخمس

مزار پر بعد مرگ اپنے یہ ایک مصرع لکھائینگے ہم
مرینگے سو بار ہو کے زندہ مگر نہ دل کو لگائینگے ہم

نمبر ۱

مزا اٹھائینگے بیخودی کا نکل کے صحرا کو جائینگے ہم
ملال و اندوہ و رنج و کلفت کچھ کہ ہوگا اٹھائینگے ہم
مزاج میں ہاں قول کا ہے نہ لوٹ کر گھر کو آئینگے ہم
مئے محبت سے مست ہیں ہم پئینگے کچھ ہم نہ کھائینگے ہم
مگر سمجھ لو یہ بات یارو ہر ایک کو یہ ہی سنائینگے ہم
مرینگے سو بار ہو کے زندہ مگر نہ دل کو لگائینگے ہم

نمبر ۲

مکان نہ پائینگے لامکاں پر نرالی دنیا بسائینگے ہم
ملینگے جا کر نہ خود کسی سے نہ دوسرے کو ملائینگے ہم
محبت اللہ کی کرینگے تو نکلے بس ہیں نہ آئینگے ہم
مسافروں کی سرائے دنیا یہ بات دل کو سمجھائینگے ہم
معاملہ راست ہے ہمارا اسے نہیں بھول جائینگے ہم
مرینگے سو بار ہو کے زندہ مگر نہ دل کو لگائینگے ہم

نمبر ۳

محال ہے کار ترک دنیا مگر نہ اندیشہ کھائینگے ہم
مثال ناپائدار ہے یہ مثال دیگر بتائینگے ہم
مہم یہ ہم سر کرینگے بیشک لڑینگے اور سر کٹائینگے ہم
مسافروں کی سرائے دنیا یہ بات دل کو سمجھائینگے ہم
مراد پوچھو اگر ہماری زبان پر پھر یہ لائینگے ہم
مرینگے سو بار ہو کے زندہ مگر نہ دل کو لگائینگے ہم

نمبر ۸

مثل ہے سچ ہے کرینگے جیسا ویسا ہی پائینگے ہم
مصاحبون کو بھی اپنے ہر دم مفید باتین بتائینگے ہم

مفید جو ہوگا وہ کرینگے مضرت سے کیون اُٹھائینگے ہم
مرید سچے گروکے ہین ہم بجا نصیحت کو لائینگے ہم

مشاعرہ ہمرکے ہین یہ سبھی خیال گوہر کا گائینگے ہم
مرینگے سو بار ہوکے زندہ مگر نہ دل کو لگائینگے ہم

نمبر ۹

اب اپنی لو اور ہی کسی سے جہان کے اندر لگائینگے ہم
لسان شمع و چراغ تجکو جلائینگے اور بجھائینگے ہم

نمبر ۱۰

پری نہین حور بھی جو تم ہو نہ پاس ہرگز بٹھائینگے ہم
غرور تمھارے غرور کرنے کا خوب تمکو چکھائینگے ہم

تمھارے کوچے مین دشمنون کی خاک کیا کیا اُڑائینگے ہم
جفائین کی ہین جو تمنے ہمپر کچھ اسکا بدلا دکھائینگے ہم

اشعار

چاہیے تمکو نہ تھا اے جان من ایسا غرور
خواہی مخواہی آپ ہی کا میری جان اسمین قصور

حال پر ہم بیکسون کے رحم کرنا تھا ضرور
دیکھ صورت کو مری تم پاس سے جاتی ہو دور

ذلیل جیسا کیا ہے تمنے تمھین بھی رسوا بنائینگے ہم
لسان شمع و چراغ تجکو جلائینگے اور بجھائینگے ہم

نمبر ۲

سخن اپنا کیون ہمسے ہو چھپاتے نظر نہ اسکو لگائینگے ہم
سمجھ لو یہ بات تم ہمین لے کے کچھ ایسا نقشہ جمائینگے ہم

زیادہ دولت خانہ آباد اسطرف نہ آئینگے ہم
شکست الفت کرینگے مستر شکست تمکو دلائینگے ہم

استعار

صورت اپنی جو چھپائی آپ نے اچھا کیا — ضبط ہمنے اس ستم کا ہو سکا جتنا کیا
طور اپنا آپ نے بدلا یہی بیجا کیا — ظلم بسیار رحم غیر دن پر کیا یہ کیا کیا

عجب نہیں ہے کہ اس ستم کا ہمیں نتیجہ دکھائینگے ہم
بسان شمع و چراغ تجکو جلائینگے ہم بجھائینگے ہم

نمبر ۳

غرض ہماری ہوئی نہ حاصل تو پھر غرض کیا کہ جائینگے ہم — فریب کھائینگے اب نہ ہرگز تمھارے چھل میں نہ آئینگے ہم
قسم ہے تمسے نہ اب ملینگے نیا ہی دلبر بنائینگے ہم — کرینگے معشوق اور پیدا ہمیں دکھا کر رلائینگے ہم

استعار

گلبدن ایسا نیا ڈھونڈھینگے جو ہو لاجواب — لاکھوں معشوقوں میں ہو حسن اسکا انتخاب
ماہ پیشانی سے نادم ہووے رخ سے آفتاب — نرگسی ہو آنکھ جسکی صورت جام شراب

وصال رکھینگے اس سے ہر دم ترا تصور نہ لائینگے ہم
بسان شمع و چراغ تجکو جلائینگے اور بجھائینگے ہم

نمبر ۴

ہمیں بہت تو نے آزمایا تجھے بھی اب آزمائینگے ہم — یقین اب اس بات کو سمجھ لے کہ خوب تجھ کو ستائینگے ہم
الف سے یا تک سخن کے حرف پر خیال تازہ سنائینگے ہم — کرینگے خوش دوستوں کے دل کو ہمیں سخن کا کھلائینگے ہم

استعار

کیا خیال صاف گنبد لال گوہر نے کہا — رو بچہ نے جب بنایا سنگ دشمن چپ رہا
تب بشمبر ناتھ بنسی دھر نے [illegible] — چشم تر سے دشمنوں کی ہر دم میں آنسو بہا

	خدا نے چاہا تو روز تازہ خیال نکلیں گا ٹینگے ہم لسان شمع چراغ تجکو جلائینگے اور دکھائینگے ہم	
	نمبر ۱۰	
	نہیں ہے کچھ کھیل عشق کا کل کھانا پڑتا ہے ناگ کالا نہ دام الفت میں ڈالے ہرگز کسی کے دلکو خدا بچالے	
	نمبر ۱۱	
ختن میں ہیں تاہی مشک جل جل چمن میں کھائی ہے زہر سنبل ہیں لگ محشر سے ٹوٹے بالکل مگر یہ محشر کا کون ہے کل		جو پیچ چوٹی کے ڈالتے ہیں کھل گئے سو سے آشفتہ ہیں یہ کاکل ہر ایک مثل مار سیاہ کاکل بچھا ہے جیسا کہ جال ہیں محل
	ہیں دونوں زلفوں کے سانپ کالے ہے ناگ چوٹی کا کوڑیالا نہ دام الفت میں ڈالے ہرگز کسی کے دلکو خدا بچالے	
	نمبر ۱۲	
نصیب جیسے عاشقوں کا کچھ اس سے بڑھکر ہے زلف تیرا حیات نوح و خضر کا قصہ فقط سنا ہے اور اسکو دیکھا		لکھوں سیاہی کی میں صفت کیا جدا کی کی اک سما لقشا دراز ہی ہیں یہی ہے ایسی بکتا کہ دن بیت گیا جیسا
	بہت دیکھے ہیں سانپ ہم نے مگر نہیں ایسا دیکھا بھالا نہ دام الفت میں ڈالے ہرگز کسی کے دلکو خدا بچالے	
	نمبر ۱۳	
کچھ ایسا ہے یاد اسکو ٹوکا کہ ساحری اپنا سحر ہارا وہ یاد ہیں پیچ عمدہ کہ جن سے ماروں کا مہرہ مارا		سنے جو خوشبو کا نام اسکا تو غم سے عنبر ہو گرد سارا وہاں آتے ہیں جان پر کیا بلا میں پھنستا ہے دل ہمارا
	پڑی ہی کالی بلا ہے کاکل نہ ڈالے اللہ اس سے پالا	

نہ وام الفت مین ڈالے ہرگز کسی کے دل کو خدا تعالےٰ	

نمبر ۱۰

وہ دو نون زلفین سیاہ و کافر دو نکو ڈسین یہی مثل اژدر	ہوا سے اڑتی ہین جبکہ خیر حواس جاتے ہین سب کے کیسر
پری کی ہے شان اس سے اظہر کیون نہ پیشانی عقل اسپر	خیال آیا جو دے لگے نذر خیال ہمنے کہا یہ گوہر

یہ کہتے ہین دیکھ چشم شہر خیال ہے زلف کا نرالا
نہ وام الفت مین ڈالے ہرگز کسی کے دل کو خدا تعالےٰ

نمبر ۱۱

ہوئین ہزاروں کی گردنین خم عجب محبت کا ہے اکھاڑا
نرالے ہین داؤ پیچ اسکے سبھون کو ہے عشق نے پچھاڑا

نمبر ۱

بڑا بہادر ہے عشق یارو لے نہ ہرگز سمجھیے تھوڑا	عجب اثر کے ہین یارو اسکو پھنسا جو کوئی اسکو چھوڑا
اسی کا الجھا ہوا سلامی دوستی پہ ونسے کھایا کوڑا	اسی کے ٹیٹے ہین جتنے آیا اسی نے سر کو ہمکن کا توڑا

ہزاروں گھر اسنے کر دیے ہیں بیٹ ہر ورن ہی انکو بگاڑا
نرالے ہین داؤ پیچ اسکے سبھون کو ہے عشق نے پچھاڑا

نمبر ۲

بجا ہو گئے جو نکلی گھر اسنا یہ دل سے ہر دوستی کراتا	ہے دیا کہ نا مہر اور حبیب کرنا مدن کہی عشق توڑ جاتا
جو صبر و طاقت کی دیچی گٹھری تھی تو صنا اسکو ہی چراتا	مقابلہ اسکے جو کرتا یہ کال پھانس اسکی ہی لگاتا

تیغیچی بن بن کہ سر کٹر تا نہ سمجھے سید ہانہ سمجھے آڑا
نرالے ہین داؤ پیچ اسکے سبھون کو ہے عشق نے پچھاڑا

نمبر ۳

اسی نے حلقوم تل کا گھونٹا گھمایا آری کی طرح گھر گھر اسکے ستے ہے وامق آیا وِلا یا پھر کی کی شکل چکر
یہ رومی شطرنج کھیلتا ہی کہیں کہیں نکی موہ مٹھ چوسر سبھی ہے جو اک سنہ اسکی بیٹھک تو ہے سواری پھر آ دو در

لنگوٹیا یار حسن کا ہی ہزاروں گھر اسنے ہی اجاڑا
نرالے ہین داو پیچ اسکے سبھون کو ہی عشق نے پچھاڑا

نمبر ۴

بنائی اسکی کسی نے کیلی ہو سکے تیغے کا کاٹ کاری ہوا زمانے سے کوچ اسکا گری ہی جس کر اسنے پائی
کرا تا ہی کوہ و دشت کی یہ بندھا گرگشت سیر ساری خبر دے نکشتی ہو اس ہاری بڑا یہ ہی پہلوان بھاری

خیال گوہر روپ چند نے تشبیہ اچھی طرح ہی تاڑا
نرالے ہین داو پیچ اسکے سبھون کو ہی عشق نے پچھاڑا

نمبر ۲ عام — نمبر ۱ خاص

خانہ زاروں سے کہتے ہین باتین سب آشنا لگی — ہائے جہا نین نہین کہتا ہی کوئی خدا لگی

نمبر ۱

ہجر کی شب مین آنکھ ہماری نہ دم بھر ذرا لگی کیسی گھڑی تھی جو تجھسے آنکھ میری دلربا لگی
ہو اشہ اچھا زخم جگر کا دوا بہت بار ہا لگی کسی نے کوسا الٰہی کس کی اسے بددعا لگی

اے دل ناداں تجھے کس لیے زلف سیہ خوشنما لگی
ہائے جہان مین نہین کہتا ہی کوئی خدا لگی

نمبر ۲

کس نے نخست کو باغ جہا نین ہی ہی بار و ہوا لگی غنچہ و گل کے ساتھ مین پھرے ہی باد صبا لگی

پانوں نہیں چھالے یہاں پڑ گئے ہاتھوں میں خالگی	جل بجھ چکا تھا میرا دل آگ جگر میں بھی جا لگی

پہنچے بچارے اپنی جان کے پیچھے ناحق جو لگی
ہائے جہان میں نہیں کہتا ہے کوئی خدا لگی

نمبر ۳

تجھے کیوں بل پڑی ہر دم تیری الٹ دتا لگی نظر تجھے کس دشمن کی بتاؤ کو سہ لت الگی	سن ری پیارے تجھے کیا ظاہر میری خطا لگی کبھی حسن کی نظر جواب آنے پر ڑا لگی

شراب خالص پلا یار کے تجھے بہت مزا لگی
ہائے جہان میں نہیں کہتا ہے کوئی خدا لگی

نمبر ۴

اس دلبر کی پسند میرے دل کو بانکی ادا لگی روپ چند کا خیال سنکر عدو کو غیرت الگی	کلام گوہر صفا ہی نہیں بات ہی ذرا لگی کبھی نہیں دھر دکھائی غیر کو دیتے قضا لگی

کہے گوہر ناتھ میری فدا سے ہوا التجا لگی
ہائے جہان میں نہیں کہتا ہے کوئی خدا لگی

نمبر ۱۳

نمبر عام ۳	نمبر خاص ۲

لگن ہماری تجھسے اے صنم ہو نام خدا لگی
خدا لگی بس کہینگے نہیں کہنگے ذرا لگی

نمبر ۱

ذرا لگی نہیں آنکھ ہماری نہ جانے کیا بلا لگی	بلا لگی ہو دکھانے جب سے زلف کج ادا لگی

ادا لگی ہیں پیاری تیری خاطر اسین سوا لگی ۔ سوا لگی ہو طبیعت باغ عشق کی ہوا لگی

ہوا لگی جس دلکو تیری وہ تیرے گد گیا لگی
خدا لگی بس کہینگے نہین کہینگے ذرا لگی

نمبر ۲

نالوں سے نہین باز اپنی کرتے دعا لگی ۔ دعا لگی ہو کہ دلبر دل کی دلوے بجھا لگی
بجھا لگی کو میرے دلکی بت رکھا ای بیوفا لگی ۔ وفا لگی رکھ کہ تجھسے لو ہو امی پر جفا لگی

جفا لگی تیری بری نہایت بلکہ سراسر خطا لگی
خدا لگی بس کہینگے نہین کہینگے ذرا لگی

نمبر ۳

دھونی اپنی عرش کے اوپر عشق مین رہنے سدا لگی ۔ سدا لگی ہو خدا سے نہین کہین جا بجا لگی
بجا لگی تجھے میری نصیحت یا بیجا نا روا لگی ۔ روا لگی ہے رسم یہ دل کے زخمون پر دوا لگی

دوا لگی آرام نہ پایا جانی جان پر بلا لگی
خدا لگی بس کہینگے نہین کہینگے ذرا لگی

نمبر ۴

گہنید لال گوہر کہتے ہین پیارے یارین حنا لگی ۔ حنا لگی بس دیکھکے سب پھولون کو حیا لگی
حیا لگی پھولون کو اپنی شرم سے چھپائی گھٹا لگی ۔ گھٹا لگی ہے روپ جبینڈ سی دھرکی یا دعا لگی

دعا لگی ہے کہے تشمر عشق کی گولی اب آ لگی
خدا لگی بس کہینگے نہین کہینگے ذرا لگی

نمبر ۱۴

نمبر ۱۴ عام | نمبر ۱۵ خاص

حور کے رخساروں سے بہتر ہیں یہ پیارے تلوے ہیں
پری کے ایسے کہاں جیسے کہ تمہارے تلوے ہیں

نمبر ۱

فقط زمیں کے لوگوں ہی کو نہیں پیارے تلوے ہیں
چاند نے کیا کیا عاشقوں سے آپ کے کرتے اشارے تلوے ہیں

چرخ سے بھی تو دیکھئے چاند ستارے تلوے ہیں
دل و جان تن مال و زر لیگئے سارے تلوے ہیں

ہم عاشق ہیں تلووں کے معشوق ہمارے تلوے ہیں
پری کے ایسے کہاں جیسے کہ تمہارے تلوے ہیں

نمبر ۲

خاک بیابان چھان کے چھلنی ہوئے ہمارے تلوے ہیں
چلتے چلتے پانوں تھکے ہیں بہت ہارے تلوے ہیں

بیچارے سب کہیں اسکے ہی بیمار تلوے ہیں
اکڑ کے انگلیاں ہوئی ہیں پیارے تلوے ہیں

کیسے گورے نرم ملائم پیارے پیارے تلوے ہیں
پری کے ایسے کہاں جیسے کہ تمہارے تلوے ہیں

نمبر ۳

تمنے چودھویں کے مہندی ملکے بڑی گلنار تلوے ہیں
پھول سے ہی کیا سرخ کنول شرارے تلوے ہیں

مہندی کنارے لگائی آگ لگا رہے تلوے ہیں
تاک رہے ہیں ہم دور سے شوق کے مارے تلوے ہیں

خود لئے اپنے ہاتھ سے پیارے لیس سنوارے تلوے ہیں
پری کے ایسے کہاں جیسے کہ تمہارے تلوے ہیں

نمبر ۱۴

دن میں تو خوش کرتے ہو دیکھکے نظارے تلوے ہین
آتار کر موزے پیروں سے ہمنے آنکھا رے تلوے ہین

جب سو گئے تو خواب مین پکارے تلوے ہین
دل و جان دین مال و زر لیگئے سارے تلوے ہین

ہمکو لیشتم نا تھہ میری آنکھوں سے کے تارے تلوے ہین
چوری کے ایسے کہان جیسے کہ تمہارے تلوے ہین

نمبر ۱۵

نمبر ۱۵ عام | نمبر ۱۶ خاص

گیا گلبدن باغ مین پھولے خوشی سے گل چمن چمن
دیکھکے آنکھیں ہوگئیں آنکھیں نرگس کی روشن

نمبر ۱

سرو نے کی تعظیم سرو قد کھڑے ہو گلشن مین شتاب
ہوئے فدا سو دل سے گل جب لب دیکھے نایاب

سنبل صدقے زلف گئی جو دیکھے پیچ و تاب
رخساروں پر ہزاروں ہو چکا ورنگ گل گلاب

استعارہ

گل زر لٹائیں کیوں نہ چمن میں خوشی سے آج
جائے سے باہر اپنے ہین سب گل ہنسی سے آج

آیا صنم کا ٹھیکے ہر لاکھ اشرفی سے آج
گلشن مین کوئی خالی نہین دل لگی سے آج

کھلیں موتیا کی کلیاں جب ہنسا باغ مین غنچہ دہن
دیکھکے آنکھیں ہوگئیں آنکھیں نرگس کی روشن

نمبر ۲

پاؤں دھلائے شبنم نے لے آیا ایسا عرق گل
شکل صراحی بنے سب غنچے گلشن کے بالکل

بھولیں قمریاں کو کو کہنا بولیں آواز قلقل	بولے سن کر مبارکباد باغ مین سب بلبل

اشعار

نقرئی موباف چوٹی مین لگایا یار نے	سنبلستان مین گل شگوفہ کھلایا یار نے
پان کا لاکھا جو ہونٹوں پر جمایا یار نے	لالۂ احمر کے سینے کو جلایا یار نے

فرمان پر ہوا نا فرمان دانتوں کی دیکھ مسی کی پھبن
دیکھے آنکھیں ہو گئیں آنکھیں نرگس کی روشن

